# پی سی بی پیپسی قومی انڈر 16 ایک روزہ ٹورنامنٹ میں سندھ اورسنٹرل پنجاب نے اپنے اپنے میچز جیت لیے

**لاہور،11دسمبر2019ء:**

بوہرانوالی گراؤنڈ فیصل آباد میں سندھ نےبلوچستان کو 3وکٹوں سے شکست دے دی۔ بلوچستان کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 114 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ سندھ کی جانب سے سعد آصف نے 3وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سندھ نے مطلوبہ ہدف 27اوورز میں 7وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ مڈل آرڈر بیٹسمین علی حسن 32 رنز بناکر نمایاں رہے۔

دوسری جانب اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں سنٹرل پنجاب نے سدرن پنجاب کو 64رنز سے شکست دے دی۔سنٹرل پنجاب کی ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 45 اوورز میں 8وکٹوں کے نقصان پر 202رنزبنائے۔ افضل منظور 43 رنز بناکر نمایاں بیٹسمین رہے۔ ہدف کے تعاقب میں سدرن پنجاب کی ٹیم مقررہ 45 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 138رنز ہی بناسکی۔ محمد عمار نے 42 رنز اسکور کیے۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے ارحم نواب نے3 وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk